سوال

(272) خوارج کون ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرا سوال یہ ہے کہ خوارج کون ہیں، کچھ بریلوی اور دیوبندی حضرات اہل حدیث کو خوارج کہتے ہیں اس کی وضاحت کریں۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی کے کہنے سے کوئی خارجی نہیں بن جاتا، آپ انہیں کہہ دیں، الزام جواب الزام سے مسائل حل نہیں ہوتے۔

خارجی دراصل وہ لوگ ہیں جو حضرت علی کی فوج سے اس بنا پر علیحدہ ہوگئے کہ انھوں نے حضرت امیر معاویہ کی ثالثی کی تجویز منظور کرلی تھی۔ خارجیوں کا نعرہ تھا کہ ''حاکمیت صرف اللہ ہی کے لیے ہے'' انھوں نے مقام حرورا میں پڑاؤ ڈالا اور کوفہ، بصرہ، مدائن وغیرہ میں اپنے عقائد کی تبلیغ شروع کردی۔ ان کا عقیدہ تھا کہ دینی معاملات میں انسان کو حاکم بنانا کفر ہے اور جو لوگ ایسے فیصلوں کو تسلیم کرتے ہیں وہ واجب القتل ہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ

جلد2